قدم بھی جدا نہ ہوئیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے عظیم خاوند کی طویل رفاقت اور خدمت کا طویل موقع دیا اور پھر طویل بیوگی کا دور بھی ان پر سے گزارا جو حافظ صاحب مرحوم کی حسین یادوں اور ان کی مغفرت طلبی میں گزرا۔

فرمایا کرتی تھیں اللہ تعالیٰ نے انہیں ہمیشہ اپنے فضل کے سایہ میں رکھا اور صدمات سے محفوظ و مامون رکھا۔ خاوند کی وفات، ان کی زندگی کا پہلا صدمہ تھا اور دوسرا صدمہ اپنے پہلوٹے، جیٹھے بیٹے علامہ محمد مدنی ؒ کی وفات حسرت آیات سے لگا۔ بیٹے ہر ماں کو عزیز ہوتے ہیں لیکن جس ماں کی گود سے آسمان علم کا آفتاب و مہتاب رخصت ہو جائے، اس کی دنیا کا بے نور ہو جانا، قدرتی تھا۔ وہ اس حادثہ فاجعہ پر پیکر صبر و رضا ہو کر انا للہ وانا الیہ راجعون کا وظیفہ تو کرتی رہیں مگر فرمایا کرتی تھیں کہ فرزند دلبند کی مفارقت کا داغ مٹتا نہیں۔

ان کے جنازہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے شیخ الحدیث جامعہ علوم اثریہ حضرت مولانا محمد اکرم جمیل صاحب نے فرمایا کہ حضرت مولانا حافظ عبدالغفور رحمہ اللہ اہل جامعہ کے استاد اور روحانی باپ تھے اور ان کی رحلت کے بعد اماں جی پوری جماعت اہل حدیث جہلم اور طلبائے جامعہ کیلئے ایک روحانی مادر مہربان کا درجہ رکھتی تھیں۔

نماز جنازہ میں بڑے بڑے جید علماء، زہاد، اتقیا اور ازکاء نے شرکت فرمائی اور بڑے سوز و گداز اور اخلاص قلب کے ساتھ اماں جی کی مغفرت کی دعائیں کیں اور میرے نزدیک اتنے پاکباز لوگوں کی گریہ وزاری عند اللہ مقبول و مبرور ہے اور جنت اپنے دروازے واکئے اماں جی کی منتظر ہے۔ اللھم اغفر لھا وارحمھا

جامع مسجد الہ اہل حدیث پوران میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 22 مارچ بروز منگل جامع مسجد الہ اہل حدیث پوران میں جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوا جس میں تلاوت قاری محمد کامران صابر امام و مدرس جامع مسجد ابوبکر صدیق ؓ اہل حدیث قصبہ کریالی نے کی اور حافظ محمد الیاس سیالوی نے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی اسٹیج سیکرٹری کے فرائض محمد الیاس خطیب جامع مسجد مدنی اہل حدیث کھوہار نے سرانجام دیئے۔ جلسہ سے مولانا محمد افضل قادری نے خطاب کیا جس میں دور دراز سے کافی تعداد میں عوام نے شرکت کی۔ جہلم سے رئیس الجامعہ کے علاوہ سیٹھی محمد ارشد اور محمد صدیق یوسفی نے شرکت کی۔

جامع مسجد ابوبکر صدیق ؓ اہل حدیث قصبہ کریالی میں سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس

مورخہ 29 مارچ بروز منگل جامع مسجد ابوبکر صدیق ؓ اہل حدیث قصبہ کریالی (تحصیل سرائے عالمگیر) میں پہلی عظیم الشان سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی جس میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر مہمان خصوصی تھے کانفرنس سے حضرت مولانا سید طالب الرحمٰن شاہ، مولانا محمد نواز چیمہ، مولانا محمد افضل علوی، حافظ انعام اللہ کنجاہی اور حافظ طارق محمود یزدانی نے خطاب کیا آخر میں رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ کانفرنس تکمیل پذیر ہوئی۔ جامعہ سے مفتی محمد شفیع، مولانا قطب شاہ، قاری غلام رسول اور جامعہ کے طلبہ نے شرکت کی۔